02/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

عالمی یوم معذوریت کے موقع پر ریاست سطحی انعام تقسیم تقریب منعقد

لکھنؤ: ۲/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

ریاست کے محکمۂ معذور افراد مستحکم کاری کے ذریعہ 3 دسمبر 2021 کو عالمی یوم معذوریت (world handicapped day) کے موقع پر ریاست سطحی انعام تقسیم تقریب کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر بہ صلاحیت معذور افراد اور معذوریت کے شعبہ میں بہترین خدمات رکارکردگی پیش کرنے والے افراد اور اداروں کو ریاست سطحی انعام سے نوازا جائیگا۔

یہ اطلاع ڈائرکٹر معذور افراد مستحکم کاری جناب ستیہ پرکاش پٹیل نے دی۔ انہوں نے بتایا کہ پروگرام کا انعقاد موہان روڈ واقع ڈاکٹر شکنتلا مشرا نیشنل رہابلیٹیشن یونیورسٹی کے اٹل آڈیٹوریم میں صبح 11:00 بجے سے کیا جائیگا۔

☆☆☆☆☆